نظامت اعلیٰ زرعی اطلاعات پنجاب

21۔ سر آغاخان سوئم روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com

www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

وزیر زراعت پنجاب سید عاشق حسین کرمانی کی زیر صدارت مکئی کے بیج کی مصنوعی قلت، اوور پرائسنگ اور بلیک میں فروخت بارے اہم اجلاس

وزیر اعلیٰ پنجاب کی خصوصی ہدایات پر مکئی کے بیج کی بلیک میں فروخت کے مکروہ دھندے میں ملوث عناصر کے خلاف کریک ڈاؤن جاری ہے۔سید عاشق حسین کرمانی

لاہور، 17 فروری 2026: وزیر زراعت پنجاب سید عاشق حسین کرمانی کی زیر صدارت مکئی کے بیج کی مصنوعی قلت، اوور پرائسنگ اور بلیک میں فروخت کے معاملے پر زراعت ہاؤس لاہور میں ایک اہم اجلاس منعقد ہوا جس میں سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو، ایڈیشنل سیکرٹری زراعت (ٹاسک فورس) پنجاب محمد شبیر احمد خان، ڈائریکٹر جنرلز زراعت چوہدری عبدالحمید، نوید عصمت کاہلوں، پراجیکٹ ڈائریکٹر پی ای ایس پی ڈاکٹر محمد انجم علی اور بین الاقوامی سیڈ کمپنیوں کے نمائندگان نے شرکت کی۔

اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے وزیر زراعت پنجاب سید عاشق حسین کرمانی نے واضح کیا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب کی خصوصی ہدایات پر مکئی کے بیج کی بلیک میں فروخت کے مکروہ دھندے میں ملوث عناصر کے خلاف کریک ڈاؤن جاری ہے اور زرعی مداخل کی اوور پرائسنگ اور ناجائز منافع خوری کے خلاف محکمہ زراعت پنجاب زیرو ٹالرنس پالیسی پر عمل پیرا ہے۔ سید عاشق حسین کرمانی نے کہا کہ مکئی کے بیج کے مقرر کردہ نرخوں سے زائد قیمت ہرگز برداشت نہیں کی جائے گی اور بلیک مارکیٹنگ میں ملوث ڈیلرز کے لائسنس منسوخ کیے جا رہے ہیں جبکہ مقررہ قیمت سے زائد رقم وصول کرنے والوں کے خلاف مقدمات درج اور ناجائز ذخیرہ اندوزی میں ملوث دکانیں سیل کی جائیں۔ انہوں نے ہدایت کی کہ مکئی کے بیج کے مقرر کردہ نرخ نمایاں اور عوامی مقامات پر آویزاں کیے جائیں تاکہ کسانوں کو مقررہ قیمتوں سے آگاہی حاصل ہو۔

اس موقع پر سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو نے سیڈ کمپنیوں کو ہدایت کی کہ وہ اپنے رجسٹرڈ ڈیلرز کی مکمل فہرست محکمہ زراعت کو فراہم کریں اور تمام متعلقہ افسران کو روزانہ کی بنیاد پر چھاپوں اور کارروائیوں کی رپورٹ پیش کرنے کی بھی ہدایت جاری کر دی گئی ہے۔

بعد ازاں، وزیر زراعت پنجاب کی ہدایت پر محکمہ زراعت پنجاب نے مکئی کے بیج کی بلیک میں فروخت کے خلاف گرینڈ آپریشن شروع کیا جس کے تحت اب تک مختلف مقامات پر 20 چھاپے مارے گئے اور مکئی کا بیج بلیک میں فروخت کرنے والوں کے خلاف 16 مقدمات درج کیے جا چکے ہیں۔ ان کارروائیوں کے دوران 3 افراد کو گرفتار کیا گیا جبکہ مجموعی طور پر 7 دکانیں سیل کر دی گئیں اور مکئی کے بیج کے 208 تھیلے ضبط کیے گئے جن کی مجموعی مالیت 28 لاکھ 75 ہزار روپے ہے۔ محکمہ زراعت پنجاب نے اس عزم کا اظہار کیا ہے کہ معیاری زرعی مداخل کی مقررہ قیمتوں پر دستیابی یقینی بنائی جائے گی اور مکئی کا بیج بلیک میں فروخت کرنے والے عناصر کو کیفر کردار تک پہنچایا جائے گا

☆☆☆☆